فوری ریلیز کے لیے: 2023/22/12 گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے عوام کی صحت کے تحفظ کے لیے اقدام اٹھایا؛ مریضوں کی مدد و معاونت والے قانون سازی پیکیج پر دستخط کر دیے

قانون سازی S.1196-A/A.1673-A صحت کے نتائج میں بہتری لانے کے لیے یہ امر یقینی بنا رہی ہے کہ ریاست کے زیر انتظام انشورنس منصوبے بائیو مارکر ٹیسٹنگ کا احاطہ کریں

قانون سازی S.6897/A.7328 نرسنگ ہومز اور گھروں میں صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والی دیگر سہولت گاہوں میں عملے کی کمی دور کرنے میں مدد کرے گی

قانون سازی S.6641-A/A.7365 گھریلو صحت کی بعض خدمات کے لیے معاوضوں کی واپسی کی سہولت فراہم کر رہی ہے

قانون سازی S.6521/A.3089 سسٹک فائبروسس میں مبتلا بالغ افراد کو اپنی صحت کی دیکھ بھال کے اخراجات یا ہیلتھ انشورنس کے اخراجات کی واپس ادائیگی کے لیے بالغ سسٹک فائبروسس اسسٹنس پروگرام کو دوبارہ قائم کر رہی ہے

قانون سازی S.5890-A/A.2853-B زندگی کا بیمہ کرنے والوں کو فلاح و تندرستی کے پروگرامز قائم کرنے کا اختیار دے رہی ہے تاکہ بیمہ کنندگان کو طویل المدتی معذوری میں بیمے کے فوائد کم کرنے سے روکا جا سکے

قانون سازی S.7211/A.7218 گھروں میں صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والی سہولت گاہوں میں رپورٹنگ اور مسائل حل کرنے سے متعلقہ معاملات کو بہتر کر رہی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاستِ نیو یارک میں عوام کی صحت کا تحفظ ککرنے والے ایک قانون سازی پیکیج پر دستخط کیے۔ یہ چھ نئے قوانین یہ امر یقینی بنائیں گے کہ ریاست کے زیر انتظام چلنے والے صحت کے منصوبے مریضوں کے لیے صحت کے نتائج بہتر بنانے کے لیے بائیو مارکر ٹیسٹنگ کا احاطہ کریں؛ نرسنگ ہومز اور گھروں میں صحت کی دیکھ بھال کی دیگر سہولیات میں عملے کی کمی کو دور کرنے میں مدد دیں؛ صحت کے بعض مقامی محکموں کو ان خدمات کے لیے انتظامی امداد و معاونت فراہم کریں جو وہ مریضوں کو انکے گھروں میں فراہم کرتے ہیں؛ سسٹک فائبروسس کے شکار بالغ افراد کو انکی صحت کی دیکھ بھال یا ہیلتھ انشورنس کے اخراجات کی ادائیگی کے لیے بالغ سسٹک فائبروسس اسسٹنس پروگرام کو دوبارہ قائم کریں؛ بیمہ کنندگان کو کسی طویل المدتی معذوری میں بیمے کے فوائد کم کرنے سے منع کرنے کے لیے زندگی کا بیمہ کرنے والوں کو فلاح و تندرستی کے پروگرامز قائم کرنے کا اختیار دیں؛ صحت کے بعض مقامی محکموں کو ان خدمات کے لیے انتظامی امداد و معاونت فراہم کریں جو وہ مریضوں کو انکے گھروں میں فراہم کرتے ہیں؛ اور گھروں میں نگہداشت فراہم کرنے والی سہولت گاہوں میں رپورٹنگ اور مسائل حل کرنے سے متعلقہ معاملات میں بہتری لائیں۔

"نیو یارک کے ہر شہری کو محفوظ، صحت مند زندگی گزارنے کا حق حاصل ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "چھاتی کے کینسر کی ٹیسٹنگ تک رسائی بڑھانے سے لے کر نرسنگ ہومز میں عملے کی کمی پوری کرنے تک، یہ قانون سازی پیکیج ہمارے صحت عامہ کے نظام کو درپیش بہت سے اہم مسائل کو حل کر رہا ہے۔"

ریاست نیو یارک کے محکمۂ صحت کے کمشنر Dr. James McDonald نے کہا، "گورنر Hochul یہ امر یقینی بنانے کے لیے ضروری ٹولز آلات فراہم کرتی رہتی ہیں کہ صحت عامہ کا ہمارا نظام سب کے لیے صحت کے نتائج بہتر بنانے میں پورے ملک میں آگے آگے رہے۔ ان نئے قوانین میں ایسی دفعات شامل کی گئی ہیں جو عملے سے متعلقہ ان معاملات اور مشکلات سے نمٹنے میں ہماری مدد کریں گی جن سے ہمارے سب سے زیادہ غریب و لاچار نییو یارک باسیوں کو متاثر کرتی ہیں، صحت کی خصوصی دیکھ بھال کے لیے معاوضوں کی واپسی کی ضروری سہولت فراہم کرتی ہیں، اور بیمہ فراہم کنندگان کو فلاح و بہبود کے ایسے پروگرامز بنانے کا اختیار دیتی ہیں جن سے بیمہ کنندگان طویل المدتی معذوری کے دوران دیے جانے والے بیمہ فوائد کم کرنے سے منع ہو جائیں۔ میں گورنر کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے یہ امر یقینی بنایا کہ ریاست نیو یارک کے تمام شہریوں کے لیے معیاری صحت کی دیکھ بھال تک رسائی کا حصول یقینی بنا رہے۔"

قانون سازی S.1196-A/A.1673-A کے لیے ریاست کے زیر انتظام چلنے والے انشورنس منصوبے بشمول Medicaid کے لئے لازمی قرار دے رہی ہے کہ وہ تشخیص، علاج، مناسب نظم و نسق، یا مریضوں کی بیماری یا علامات کی مسلسل نگرانی کے لیے بائیو مارکر ٹیسٹنگ کا احاطہ کریں جب وہ ٹیسٹ طبی اور سائنسی شواہد سے تائید شدہ ہو۔

ریاستی سینیٹر Roxanne Persaud نے کہا، "اب جبکہ تحقیق سے ثابت ہو چکا ہے کہ بائیو مارکر ٹیسٹنگ مختلف بیماریوں اور علامات میں مبتلا مریضوں کے نتائج کو بڑی حد تک بہتر بنا دیتی ہے جن میں کینسر کی مختلف اقسام، گٹھیا، پارکنسنز، اور بہت سے دیگر عوارض شامل ہیں، لہذا اب بائیو مارکر ٹیسٹنگ بہت تیزی سے صحت کی دیکھ بھال کا ایک لازمی جزو بن گئی ہے۔ کئی مہینوں کی مخلصانہ کوششوں کے بعد، مجھے بہت خوشی ہے کہ اب جبکہ سالانہ تعطیلات قریب آ رہی ہیں تو ہم لاکھوں مزید نیویارک باسیوں کو زندگی بچانے والے اس علاج تک رسائی کا تحفہ دے رہے ہیں۔ میں اپنی شریک اسپانسر اسمبلی ممبر Pamela Hunter، گورنر Kathy Hochul، امریکن کینسر سوسائٹی (American Cancer Society)، اور بہت سی دوسری تنظیموں کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں جنہوں نے بہت خلوص اور جوش سے اس قانون سازیوں کی حمایت کی اور بالآخر انہیں ممکن بنا دیا۔ ہم آج اس کامیابی کا جشن نہیں منا سکتے تھے اگر ان تنظیموں اور افراد کی غیر متزلزل مدد و حمایت ہمارے ساتھ شامل نہ ہوتی جنہوں نے یہ بات تسلیم کی کہ یہ جانیں بچانے سے متعلقہ ایک مسئلہ ہے۔ اس سے بروقت تشخیص اور مخصوص مرض کے مخصوص علاج تک رسائی کو بہت فروغ ملا ہے، اور مجھے اپنی اس کامیابی پر بجا طور پر فخر ہے۔"

رکنِ اسمبلی Pamela Hunter نے کہا، "اب جبکہ طبی استعداد اور صلاحیتوں میں ترقی ہو رہی ہے اور مریضوں کو اپنی صحت کے متعلق بہت بہتر نتائج ملنا شروع ہو چکے ہیں، تو ہمیں ان نئی پیشرفتوں کے فوائد کو ہر ممکن حد تک منصفانہ اور مساوی بنانے کی کوشش کرنی چاہیے۔ بائیو مارکر ٹیسٹوں کے ذریعے مریضوں کو ایسی نئی معلومات تک رسائی حاصل ہو جائے گی جو طریقہ علاج کی رہنمائی اس انداز سے کرے گی جس سے وہ کسی مخصوص فرد کے لیے زیادہ موزوں بن جائے۔ مزید برآں، اب چونکہ مریضوں کا علاج ایسے طریقوں سے کیا جائے گا جو آزمائش اور غلطی کے غیر یقینی طریقوں کے بجائے زیادہ درست نتائج دینے کی استعداد رکھتے ہیں، تو اس سے طبی وسائل کی بچت کرنے میں بھی بہت مدد ملے گی۔ مجھے ریاستِ نیو یارک میں اس بل کو سپانسر کرنے پر فخر ہے اور میں ان جان بچانے والے ٹیسٹوں کی دستیابی کو اتنی بڑی حد تک وسعت دینے اور اس اہم قانون سازی پر دستخط کرنے کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

قانون سازی S.6897/A.7328 عملے کو ان چیلنجوں سے نمٹنے میں مدد دے گی جو وبا کی وجہ سے پیدا ہوئے اور جنکی وجہ سے نرسنگ ہومز سمیت صحت کی دیکھ بھال والی دیگر سہولت گاہوں میں ایجنسی کے عارضی عملے کے استعمال میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ یہ قانون سازی ایک چار سالہ ڈیماسٹریشن پروجیکٹ کا قیام عمل میں لائے گی جس سے گھروں پر صحت کی دیکھ بھال کی سہولیات فراہم کرنے والی سہولیات کو ایسی ترغیبات دی جائیں

گی جن سے ان میں عارضی ایجنسی عملے کے استعمال میں کمی آئے اور کُل وقتی عملے کا تسلسل برقرار رکھنے پر بہتر توجہ مرکوز کی جا سکے۔

قانون سازی S.6641-A/A.7365 صحت کے مقامی محکموں کو یہ استعداد دے گی کہ وہ کسی لائسنس یافتہ گھریلو نگہداشت والی تنظیم کے لازمی تقاضوں سے گزرے بغیر بھی گھروں میں بنیادی صحت عامہ کی "لائٹ ٹچ" جیسی خدمات فراہم کر سکیں۔

رکنِ اسمبلی Amy Paulin نے کہا، " صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں پر سے انتظامی اور مالی بوجھ ہٹانے کی ضرورت ہمیشہ ہی رہتی ہے، خاص طور سے اس وقت جب صحت کی دیکھ بھال کا ہمارا نظام کوویڈ وبا کے نتیجے میں پیدا ہونے والی افرادی قوت کی کمی اور مالی مسائل سے نبرد آزما ہے۔ میں گورنر Hochul کا ان بلوں پر دستخط کرکے انہیں قانون کی شکل دینے پر شکریہ ادا کرتی ہوں جو ہمارے صحت کے محکموں، ہنر مندانہ نرسنگ سہولیات، اور آخر کار نیویارک کے صحت کی دیکھ بھال کے نظام کو بھی سپورٹ کریں گے۔"

قانون سازی S.6521/A.3089 سسٹک فائبروسس میں مبتلا بالغ افراد کو اپنی صحت کی دیکھ بھال کے اخراجات یا ہیلتھ انشورنس کے اخراجات واپس ادا کرنے کے لیے بالغان کے سسٹک فائبروسس اسسٹنس پروگرام کا دوبارہ سے قیام کر رہی ہے

ریاستی سینیٹر Kevin Thomas نے کہا، "میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے بالغان کے سسٹک فائبروسس اسسٹنس پروگرام کو قانون بنانے کے لئے دستخط کر دیے اور اس طرح یہ امر یقینی بنایا کہ اس خطرناک بیماری کا مقابلہ کرنے والوں کو اس مدد تک رسائی حاصل رہے جسکی انہیں ضرورت ہے۔ یہ سسٹک فائبروسس میں مبتلا بالغ افراد کے لئے ایک بہت اہم قدم ہے کیونکہ اس سے انکے ذہن پر اپنی صحت کی دیکھ بھال کے اخراجات کی ادائیگی کے سلسلے میں جو دباؤ پڑتا ہے وہ اس طرح کم ہو جائے گا کہ انہیں بغیر کسی مالی بوجھ کے اپنا علاج کروانے اور اپنی صحت برقرار رکھنے کی استعداد مل جائے گی۔"

رکن اسمبلی Stacey Pheffer Amato نے کہا، "کئی سالوں کی وکالت اور کاوشوں کے بعد، ہم بالآخر اس یادگار لمحے تک پہنچ ہی گئے۔ اس قانون سازی نے ایک کافی مشکل عمل کو ہمواریت دے دی ہے اور اب CF سے لڑنے والے افراد اور خاندانوں کو ان وسائل تک رسائی کی استعداد مل جائے گی جس کے وہ حقدار ہیں۔ اس بل پر دستخط کرنے کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ، اور میرے ضلع سے تعلق رکھنے والے Fox خاندان کا بھی خاص طور سے شکریہ جنہوں نے اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے حیرت انگیز کاوشیں کیں اور اس قانون سازی کو زندگی بخشنے اور نیویارک والوں کی زندگیاں بہتر بنانے کے لیے انتھک کام کیا۔"

قانون سازی S.5890-A/A.2853-B زندگی کا بیمہ کرنے والوں کو لائف انشورنس پالیسیوں کے اجراء کے ساتھ ملا کر فلاح و بہبود کے پروگرامز قائم کرنے کا اختیار دے رہا ہے تاکہ کسی آلے کی لاگت اور اس سے منسلک سبسکرپشن کی مکمل یا جزوی ادائیگی کو یقینی بنایا جا سکے جسے سرگرمی یا بائیو میٹرک ڈیٹا اور لائف انشورنس اور ان پروڈکٹس یا سروسز پر ڈسکاؤنٹ کو ٹریک کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے جنکا مقصد رویوں میں مثبت تبدیلیوں کو فروغ دینا ہے۔

رکنِ اسمبلی Demond Meeks نے کہا، "یہ ضروری ہے کہ ہماری کمیونٹی کے اراکین اپنی صحت اور تندرستی کو ضرورت کے مطابق ترجیح دینے کے قابل ہوں۔ لائف انشورنس نہ صرف ایک حفاظتی جال ہے، بلکہ حفاظتی نگہداشت کی ایک ایسی شکل بھی ہے جو افراد اور ان کے خاندانوں کو سلامتی اور ذہنی سکون فراہم کرتی ہے۔ یہ قانون سازی نیویارک میں رہنے والوں کو لائف انشورنس کمپنیوں کی جانب سے شروع کردہ فلاح و بہبود کے پروگراموں میں حصہ لینے کی استعداد دے گی جس سے پالیسی ہولڈرز اپنے لیے دستیاب فوائد و مراعات سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں گے۔ سینیٹر Breslin، گورنر Kathy Hochul، نیویارک کی لائف انشورنس کونسل (LICONY) کے اراکین، میرے ریاستی ساتھیوں، اور نیویارک کے لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے انتھک کوششیں کرنے والے ہمارے مخلص حامیوں کا بہت بہت شکریہ۔"

قانون سازی S.7211/A.7218 طویل المدتی نگہداشت کے محتسب کو جو شکایات ملتی ہیں اور ان شکایات کی تفتیش کرنے والوں کے درمیان باقاعدہ مواصلت قائم کرکے گھروں میں نگہداشت کی سہولیات فراہم کرنے کے دوران اٹھنے والے مسائل کی رپورٹنگ اور انہیں حل کرنے میں بہتری لا رہی ہے۔

ریاستی سینیٹر Cordell Cleare نے کہا، "یہ انتہائی اہم امر ہے کہ ہمارے بزرگوں کو، بشمول انکے خاندانوں اور دیکھ بھال کرنے والوں کے، ایسے پیشہ ور افراد کی جانب سے معلومات اور مدد تک رسائی حاصل ہو جو انہیں سمجھتے ہیں اور ان کی طرف سے مؤثر طریقے سے وکالت کر سکتے ہیں۔ طویل المدتی نگہداشت کی سہولت گاہوں میں رہنے والے بہت سے افراد کے لیے محتسب وہ پہلا اور ممکنہ طور پر واحد شخص ہوگا جو ان کے ساتھ بات چیت کرے گا اور متعلقہ ایجنسیوں سے ان کی جانب سے مواصلت اور گفت و شنید کرے گا۔ جیسے ہی محتسب پروگرام کو مناسب فنڈنگ مل جائے گی، تو مجھے اس میں کوئی شبہ نہیں کہ انکی کاوشوں اور معاونت کے ذریعے لاتعداد جانیں بچیں گی اور ہم اپنے بزرگ شہریوں کی ان المناک اموات سے بچ سکیں گے جو COVID-19 کی وبا کے دوران ہوئیں۔ میں محتسب پروگرام کے ساتھ کام کرنے کی منتظر ہوں جس کے ذریعے وکلاء کے اس متنوع گروپ کو شامل کرنے اور بھرتی کرنے میں مدد ملے جو اس اہم کام کی حمایت کرتے ہیں اور کریں گے۔"

رکن اسمبلی Ron Kim نے کہا، "میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ریاست کے طویل المدتی نگہداشت محتسب پروگرام (LTCOP) کو بہتر بنانے والی ہماری قانون سازی S7211/A7218 پر دستخط کر دیے۔ یہ ہمارے سب سے زیادہ غریب و لاچار شہریوں کی دیکھ بھال کرنے والی سہولت گاہوں کی نگرانی کرنے اور ان پر نگاہ رکھنے کی ریاست کی صلاحیت کو بڑھانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ آج، بہت زیادہ خاندانوں کو یہ خوف لاحق رہتا ہے کہ نرسنگ ہومز، اور بحالی مراکز چالاکیاں کر رہے ہیں اور انکے پیاروں کو نظر انداز کر رہے ہیں۔ یہ امر یقینی بنا کر کہ محتسب حساس ثقافتی معاملات کے بارے میں تربیت یافتہ ہوں اور وہ ملنے والی شکایات کی لازماً تحقیقات کریں تاکہ ایسے پریشان گھرانوں کو کچھ زہنی اطمینان مل سکے۔"

###